Ghazal by Murtaza Birlas

Yaro! Azala-e-sitm-o-jor kuchh karo
Gur jeena chahtay ho to fil for kuchh karo

Itna hi khauf tum ko jo ruswa'eeyon ka hai
Phir ashiqi ka dam na bharo aur kuchh karo

Dushman ka khair jo bhee irada hai wo to hai
Upnay amal pe tum bhee kabhi ghaur kuchh karo

Baqi abhee hai saans agar cheh labon pe hai
Eesa nafs ho tum, to kisi taur kuchh karo

Dekho! Qalm hai paas tumharay zaban bhee hai
Lub bustegee ka hai yeh nahin daur kuchh karo

Mukhlis hai kon aur munafiq yehan hai kon
Chhoro bhee ab ye baat chalo aur kuchh karo

Tum nay he zulmaton main jalaaya thha ye chiragh
Phir saakinan-e-khitta-e-Lahore kuchh karo

Murtaza Birlas
(Girah-e-Neembaaz)

یارو! ازالۂ ستم و جور کچھ کرو
گر جینا چاہتے ہو تو فی الفور کچھ کرو

اتنا ہی خوف تم کو جو رسوائیوں کا ہے
پھر عاشقی کا دم نہ بھرو اور کچھ کرو

دشمن کا خیر جو بھی ارادہ ہے وہ تو ہے
اپنے عمل پہ تم بھی کبھی غور کچھ کرو

باقی ابھی ہے سانس اگرچہ لبوں پہ ہے
عیسیٰ نفس ہو تم، تو کسی طور کچھ کرو

دیکھو! قلم ہے پاس تمہارے زباں بھی ہے
لب بستگی کا ہے یہ نہیں دور کچھ کرو

مخلص ہے کون اور منافق یہاں ہے کون
چھوڑو بھی اب یہ بات چلو اور کچھ کرو

تم نے ہی ظلمتوں میں جلایا تھا یہ چراغ
پھر ساکنانِ خطۂ لاہور کچھ کرو



Copyright (C) Reserved by Author